24/11/25
C.O
(ASPR)
24/11/25
(Prog.)


THE DAILY JANG LAHORE


روزنامہ جنگ لاہور

رجسٹرڈ سی پی ایل 140 فون 36367480-83

بانی...... میر خلیل الرحمٰن

صفحات 10 قیمت 35 روپے

جلد 47 | ہفتہ 30 رجمادی الاوّل 1447ھ 22 رنومبر 2025ء 9 رمگھر 2082 ب | شمارہ 34

لاہور: چیئرنگ کراس چوک میں نابینا افراد کے دھرنے کے بعد ڈیوٹی کے دوران پولیس اہلکار موبائل فونز پر مصروف ہیں

# نابینا افراد کا دھرنا جاری، لاہور کی شاہراہوں پر ٹریفک درہم برہم

## ٹھوس یقین دہانی تک اپنا احتجاج جاری رکھیں گے، مظاہرین ڈٹ گئے

لاہور (سٹی رپورٹر) حکومت کی جانب سے جامع پیکیج کی پیشکش کے باوجود نابینا افراد کا مطالبات کے حق میں احتجاجی دھرنا 12ویں روز بھی جاری رہا۔ نابینا افراد کے دھرنے کے باعث پولیس نے مال روڈ کے ایک حصے کو رکاوٹیں کھڑی کر کے بند کر رکھا ہے، جس کی وجہ سے مال روڈ اور ملحقہ شاہراہوں پر ٹریفک کا نظام شدید دباؤ کا شکار ہے۔ چھٹی کے اوقات میں ملحقہ شاہراہوں پر ٹریفک جام رہنا معمول بن گیا ہے۔ مظاہرین (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 8)

### بقیہ 8 دھرنا جاری

کا کہنا ہے کہ ڈیلی ویجز کو مستقل اور معذور کوٹہ سے 1 فیصد کوٹہ نابینا افراد کو دیا جائے، گزشتہ ادوار میں بھی حکومت نے دھرنا ختم کروا کر پوچھا تک نہیں گیا، ٹھوس یقین دہانی تک اپنا احتجاج جاری رکھیں گے۔

بانی و قائد: ضیا شاہد مرحوم

روزنامہ **خبریں** لاہور

Daily KHABRAIN

چیف ایڈیٹر: امتنان شاہد

جلد 35 | ہفتہ 30 جمادی الاوّل 1447ھ 22 نومبر 2025ء 9 مگھر 2082ب صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ 120


24/11/25
C.O
DD (PS/PR)
24/11/25
DIR (Prog)

# نابینا افراد کا دھرنا جاری' لاہور کی شاہراہوں پر ٹریفک درہم برہم

## ٹھوس یقین دہانی تک احتجاج جاری رکھیں گے مظاہرین ڈٹ گئے واپس جانے سے انکار

لاہور (این این آئی) حکومت کی جانب سے جامع پیکج کی پیشکش کے باوجود نابینا افراد کا مطالبات کے حق میں احتجاجی دھرنا 12 ویں روز بھی جاری

باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 96



لاہور: چیئرنگ کراس چوک میں اپنے مطالبات کے حق میں دھرنا دینے والے نابینا افراد آرام کر رہے ہیں۔

**بقیہ نمبر 96 // احتجاجی دھرنا**

رہا۔ نابینا افراد کے دھرنے کے باعث پولیس نے مال روڈ کے ایک حصے کو رکاوٹیں کھڑی کر کے بند کر رکھا ہے جس کی وجہ سے مال روڈ اور ملحقہ شاہراہوں پر ٹریفک کا نظام شدید دباؤ کا شکار ہے۔ چھٹی کے اوقات میں ملحقہ شاہراہوں پر ٹریفک جام رہنا معمول بن گیا ہے۔

24/11/25
G.O
RD (P&PR)
24/11/25
DIR (Prog)

DAILY DUNYA LAHORE www.dunya.com.pk
ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود
روزنامہ دنیا لاہور
جلد نمبر 36 | ہفتہ، 30 جمادی الاوّل 1447، 22 نومبر 2025ء 9 مگھر 2082 ب | شمارہ 24

# نابینا افراد کا دھرنا جاری، شاہراہوں پر ٹریفک درہم برہم

لاہور (آئی این پی) حکومت کی جانب سے جامع پیکیج کی پیشکش کے باوجود نابینا افراد کا مطالبات کے حق میں احتجاجی دھرنا 12ویں روز بھی جاری رہا۔ نابینا افراد کے دھرنے کے باعث پولیس نے مال روڈ کے ایک حصے کو رکاوٹیں کھڑی کر کے بند کر رکھا ہے جس کی وجہ سے مال روڈ اور ملحقہ شاہراہوں پر ٹریفک کا نظام شدید دباؤ کا شکار ہے۔ چھٹی کے اوقات میں ملحقہ شاہراہوں پر ٹریفک جام رہنا معمول بن گیا ہے۔ مظاہرین کا کہنا ہے کہ ڈیلی ویجز کو مستقل اور معذور کوٹہ سے 1 فیصد کوٹہ نابینا افراد کو دیا جائے، گزشتہ ادوار میں بھی حکومت نے دھرنا ختم کرا کر پوچھا تک نہیں گیا، ٹھوس یقین دہانی تک اپنا احتجاج جاری رکھیں گے۔

24/11/25
C.O
DDCP/SPR)
24/11/25.
DIR (Prog)


روزنامہ پاکستان لاہور
چیف ایڈیٹر: مجیب الرحمٰن شامی
THE DAILY PAKISTAN LAHORE
ایڈیٹر: عمر مجیب شامی
جلد 36 | ہفتہ 30 جمادی الاوّل 1447ھ، 22 نومبر 2025ء، 9 ملھر 2082ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ 252


# نابینا افراد کا احتجاجی دھرنا 12 ویں روز بھی جاری

**مظاہرین مستقل روزگار اور معذور کوٹے میں 1 فیصد دینے مطالبہ کر رہے ہیں**

**حکومتی یقین دہانی کے بغیر دھرنا ختم کرنے سے انکار، احتجاج جاری رہیگا**

لاہور (جنرل رپورٹر) نابینا افراد کا احتجاجی دھرنا 12 ویں روز بھی جاری رہا۔ مظاہرین اپنے مطالبات میں ڈیلی ویجز کو مستقل کرنے اور معذور کوٹے میں 1 فیصد نابینا افراد کو دینے کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ مظاہرین کا کہنا ہے کہ حکومتی یقین دہانی کے بغیر دھرنا ختم نہیں کیا جائے گا۔ گزشتہ ادوار میں بھی حکومت نے دھرنا ختم کروا کر مظاہرین سے کوئی جواب یا یقین دہانی نہیں

(بقیہ نمبر 24 صفحہ 5 پر)

**بقیہ 24 — نابینا افراد**

لی، جس کی وجہ سے احتجاج جاری ہے اور مظاہرین اپنے مطالبات کے حق میں پرعزم ہیں۔ دھرنے کے دوران مظاہرین نے کہا کہ ڈی جی ویلفیئر دھرنا ختم کرنے کی ہدایت دے رہے ہیں، مگر کسی قسم کی گارنٹی کے بغیر، اس لیے وہ مستقل روزگار کے حصول اور کوٹے کے مطالبات کے لیے احتجاج جاری رکھیں گے۔

CamScanner

www.jehanpakistan.pk
ABC CERTIFIED
MEMBER, APNS, CPNE
روزنامہ
ایڈیٹر انچیف اویس رؤف
جہان پاکستان
لاہور
جلد 14 | ہفتہ 30 جمادی الاوّل 1447، 22 نومبر 2025ء 9 مگھر 2079 ب | شمارہ 62 | صفحات 8 | قیمت 30 روپے

Ⓑ
24/11/25
C.O
DD (P&PR)

Ⓑ
24/11/25.
Dir (Reg)

## نابینا افراد کا احتجاجی دھرنا

### 12 ویں روز بھی جاری

لاہور (کرائم رپورٹر سے) نابینا افراد کا احتجاجی دھرنا 12 ویں روز بھی جاری ہے. جس میں وہ ڈیلی ویجز کو مستقل کرنے اور معذور کوٹہ سے 1 فیصد نابینا افراد کو دینے کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ مظاہرین کے مطابق ڈی جی ویلفیئر دھرنا ختم کرنے کا کہہ رہے ہیں مگر کسی گارنٹی کے بغیر، جبکہ وہ مستقل روزگار کے حصول کے لیے احتجاج جاری رکھیں گے۔

24/11/25
C.O
DD (ASPR)
24/11/25
Dir (Bg.)

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ مشرق لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر: عبدُالباقی کاکڑ

جلد:15 | ہفتہ 30 جمادی الاول 1447ھ 22 نومبر 2025ء 9 مگھر 2082 ب صفحات :10 قیمت :30 روپے | شمارہ: 242

# نابینا افراد کا 12 روز بھی دھرنا، ٹریفک نظام درہم برہم

## مکمل ٹھوس یقین دہانی تک اپنا احتجاج جاری رکھیں گے' مظاہرین بھی ڈٹ گئے

### ڈیلی ویجز کو مستقل اور معذور کوٹہ سے ایک فیصد کوٹہ نابینا افراد کو دیا جائے، مطالبہ



لاہور (سٹاف رپورٹر) حکومت کی جانب سے جامع پیکج کی پیشکش کے باوجود نابینا افراد کا مطالبات کے حق میں احتجاجی دھرنا 12 ویں روز بھی جاری رہا۔ نابینا افراد کے دھرنے کے باعث پولیس نے مال روڈ کے ایک حصے کو رکاوٹیں کھڑی کر کے بند کر رکھا ہے جس کی وجہ سے مال روڈ اور ملحقہ شاہراہوں پر ٹریفک کا نظام شدید دباؤ کا شکار ہے۔ چھٹی کے اوقات میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

بقیہ | مشرق | 23

ملحقہ شاہراہوں پر ٹریفک جام رہنا معمول بن گیا ہے۔ مظاہرین کا کہنا ہے کہ ڈیلی ویجز کو مستقل اور معذور کوٹہ سے ایک فیصد کوٹہ نابینا افراد کو دیا جائے، گزشتہ ادوار میں بھی حکومت نے دھرنا ختم کروا کر پوچھا تک نہیں گیا، ٹھوس یقین دہانی تک اپنا احتجاج جاری رکھیں گے۔

E-mail:ausafd@gmail.com
اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار
http://www.dailyausaf.com

روزنامہ اوصاف لاہور

DAILY AUSAF LAHORE

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان
ایڈیٹر: محسن بلال خان

جلد: 28 | ہفتہ، 30 جمادی الاول 1447ھ، 22 نومبر 2025ء، 7 ماگھ 2082ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ: 10


24/11/25
C.O
DD CP&PR)

24/11/25.
DIR (Proj.)



## نابینا سڑکوں پر

کئی دن ہو گئے بیٹھے ہیں یہ نادار سڑکوں پر
یہ بیچارے یہ نابینا بھلا کہتے ہیں کیا سن لو
تمہیں اللہ نے احساس کی دولت اگر دی ہے
جو ہے بینائی سے محروم ان کی بھی کتھا سن لو

(اقبال راہی)

CamScanner

24/11/25
C.O
DDCP(PR)

24/11/25.

DIR (Prog)

چیف ایڈیٹر محسن نقوی
گروپ ایڈیٹر نوید چوہدری
ABC Certified
DAILY 42
LAHORE
UAN: 111-2489-42 FAX: 042-35407184
جلد نمبر:14 | ہفتہ 22 نومبر 2025ء، 30 جمادی الاوّل 1447ھ، 9 مگھر 2082، صفحات 8، قیمت 30 روپے | شمارہ:53

# نابینا افراد کا مطالبات کی منظوری تک دھرنا جاری رکھنے کا اعلان

## ڈیلی ویجز کو مستقل کرنے، معذور کوٹہ سے 1 فیصد نابینا کو دینے کا مطالبہ

مال روڈ (وقاص احمد، عثمان خادم، ابراہیم قریشی، حسنین اولکھ) بصارت سے محروم افراد کا چیرنگ کراس پر احتجاجی دھرنا 12ویں روز بھی جاری۔ مظاہرین کا کہنا ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ 13)

**بقیہ 13 — نابینا افراد**

مطالبات کی منظوری تک دھرنے سے نہیں اٹھیں گے۔ بصارت سے محروم افراد کا چیرنگ کراس پر احتجاجی دھرنا 12ویں روز بھی جاری ہے۔ مظاہرین مستقل ملازمت کا مطالبہ لیے نابینا افراد کا چیرنگ کراس پر دھرنا جاری ہے۔ احتجاجی دھرنے میں نابینا افراد نے ڈیلی ویجز کو مستقل کرنے اور معزور کوٹہ سے ایک فیصد نابینا کو دینے کا مطالبہ کیا۔ مظاہرین کا کہنا ہے جب تک ہمیں مطالبات کی منظوری کی گرانٹی نہیں دی جاتی اٹھیں گے نہیں۔ نابینا افراد کا کہنا ہے ماضی میں بھی دھرنا ختم کروا کر حکومت نے پوچھا تک نہیں۔ مظاہرین کے مطابق ڈی جی ویلفیئر دھرنا ختم کرنے کا کہہ رہے ہیں مگر کوئی گارنٹی نہیں دے رہے۔ مظاہرین نے کہا کے ہم مستقل روزگار کا مطالبہ کرر ہے ہیں ۔مظاہریں کے مطابق مطالبات کی منظوری تک نہیں جائیں گے، دھرنے کے باعث چیئرنگ کراس چوک ایک اطراف سے ٹریفک کے لیے بند ہے۔ سڑک بند ہونے کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر۔ پولیس کی نفری بھی موقع پر موجود رہے۔

24/11/25
C.O
DD(P&PR)
24/11/25
Dir (Prog)

چیف ایڈیٹر محسن نقوی · گروپ ایڈیٹر نوید چوہدری
ABC Certified
DAILY 42
LAHORE
UAN: 111-2489-42 FAX: 042-35407184
جلد نمبر 14 | اتوار 23 نومبر 2025ء، یکم جمادی الثانی 1447ھ، 10 مگھر 2082، صفحات 8، قیمت 30 روپے | شمارہ 54

# نابینا افراد کا 13 ویں روز بھی دھرنا، حکام کا مطالبات ماننے سے انکار

**مستقل نوکریوں کا مطالبہ لیے نابینا افراد چیئرنگ کراس پر موجود، جب تک مطالبات تسلیم نہیں ہوتے دھرنا جاری رہے گا، مظاہرین**

**نابینا افراد کے تمام مطالبات پہلے ہی منظور ہو چکے ہیں، ریگولر نوکریوں کا مطالبہ پورا نہیں کیا جا سکتا، سیکرٹری سوشل ویلفیئر جاوید اختر**

مال روڈ (قیصر کھوکھر، ابراہیم قریشی، عثمان خادم) نابینا افراد کا مال روڈ پر بارہویں روز بھی دھرنا جاری ہے۔ چیئرنگ کراس چوک ایک طرف سے ٹریفک کیلئے بند ہے۔ مستقل نوکریوں کا مطالبہ لیے نابینا افراد بڑی تعداد میں چیئرنگ کراس پر (باقی صفحہ 7 بقیہ 4)

**بقیہ 4 — نابینا افراد**

موجود ہیں۔ پولیس کی نفری بھی تعینات ہے۔ نابینا افراد کا کہنا ہے جب تک مطالبات تسلیم نہیں ہوتے دھرنا جاری رہے گا۔ جبکہ محکمہ سوشل ویلفیئر نے مظاہرین کے مطالبات کو ناقابل عمل قرار دیدیا ہے۔ سیکرٹری سوشل ویلفیئر جاوید اختر محمود کا کہنا ہے کہ نابینا افراد کو ریگولر نوکریوں کا مطالبہ پورا نہیں کیا جا سکتا۔ نابینا افراد کو کہا تھا کہ وہ احتجاج ختم کر دیں، ان کے مطالبات ناقابل عمل اور ناجائز ہیں۔ سیکرٹری سوشل ویلفیئر نے کہا ہے کہ نابینا افراد کے تمام مطالبات پہلے ہی منظور ہو چکے ہیں، صوبائی کابینہ نابینا افراد کے ٹیکنیکل کوٹہ کی پہلے ہی منظوری دے چکی ہے۔ سیکرٹری سوشل ویلفیئر کے مطابق ٹیکنیکل کوٹہ کے تحت نابینا افراد کو نوکریاں دی جا رہی ہیں، باقی سارا پراسس قانون کے دائرہ کار میں ہوتا ہے، قانون سے باہر ان کے مطالبات پورے نہیں کئے جا سکتے۔ مظاہرین نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے مطالبات تسلیم کرنے کی اپیل کی ہے۔

CamScanner

24/11/25
C.O
DD (P&PR)

24/11/25.
DIR (Prog)


http://www.dailyausaf.com
E-mail:ausafd@gmail.com
اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار
روزنامہ اوصاف لاہور
DAILY AUSAF LAHORE
چیف ایڈیٹر: مہتاب خان
ایڈیٹر: محسن بلال خان
جلد: 28 پیر، 2 جمادی الثانی 1447ھ، 24 نومبر 2025ء، 10 مگھر 2082ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے شمارہ: 12


# نابینا افراد کے جائز مطالبات فوری حل کئے جائیں: پاکستان عوامی تحریک

## لاہور معذور افراد کو کنٹریکٹ میں ایکسٹینشن اور روزگار دیا جائے: ملک احمد اخوان

لاہور (وقائع نگار) پاکستان عوامی تحریک لاہور کے صدر ملک احمد اخوان اور جنرل سیکرٹری ثاقب بھٹی نے پنجاب اسمبلی کے باہر نابینا افراد کے 11 روز سے جاری مسلسل احتجاج پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ نابینا افراد کے جائز مطالبات فوری حل کئے جائیں۔ معذور افراد کو کنٹریکٹ میں ایکسٹینشن اور روزگار دیا جائے۔ پنجاب اسمبلی کے سامنے احتجاج کرنے والے معذور افراد کے تمام مطالبات پورے کیے جائیں، معذور افراد کے ساتھ شفقت کا برتاؤ آئین کا تقاضا ہے۔ ملک احمد اخوان نے کہا کہ یہ انتہائی افسوس ناک بات ہے کہ نابینا افراد گزشتہ 11 روز سے پنجاب اسمبلی کے باہر احتجاج کر رہے ہیں مگر ان کے مطالبات سنے بھی نہیں جا رہے۔ ان افراد کی مشکلات اور بے بسی کو نظر انداز کرنا انسانی ہمدردی کے اصولوں کی سنگین خلاف ورزی ہے۔

24/11/25
C.O
DD (PSPR)

24/11/25.

DIR (PR)

DAILY DUNYA LAHORE www.dunya.com.pk

ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود

روزنامہ
دنیا
لاہور

| | | |
|---|---|---|
| جلد نمبر 36 | پیر، 2 جمادی الثانی 1447، 24 نومبر 2025ء، 11 مگھر 2082 ب | شمارہ 26 |
| رجسٹرڈ نمبر 357 | فون نمبر: 042-111-138-692 فیکس نمبر 042-36296817 | صفحات 8 قیمت 35 روپے |

## نابینا افراد کے جائز مسائل فوری حل کرنے کا مطالبہ

لاہور (آن لائن) پاکستان عوامی تحریک لاہور کے صدر ملک احمد اخوان اور جنرل سیکرٹری ثاقب بھٹی نے پنجاب اسمبلی کے باہر نابینا افراد کے 11 روز سے جاری مسلسل احتجاج پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ نابینا افراد کے جائز مطالبات فوری حل کیے جائیں۔ معذور افراد کو کنٹریکٹ میں ایکسٹینشن اور روزگار دیا جائے۔ پنجاب اسمبلی کے سامنے احتجاج کرنے والے معذور افراد کے تمام مطالبات پورے کیے جائیں، معذور افراد کے ساتھ شفقت کا برتاؤ آئین کا تقاضا ہے۔